Prime Minister Shri Narendra Modi visits Mangrove forests on the sidelines of G-20 Summit in Bali

November 16, 2022

وزیرا عظم جناب نریندر مودی نے بالی میں جی-20 چوٹی کانفرنس کے موقع پر مدارینی جھاڑی (مینگرو) والے جنگلات کا دورہ کیا

16 2022 نومبر

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج بالی میں جی-20 چوٹی کانفرنس کے پہلو بہ پہلو جی-20 ممالک کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ ساتھ ’تمن ہوتن ریا نگورہ رائے‘نام کے مینگرو‌ور جنگلات کا دورہ کیا اور مینگرو کے پودے بھی لگائے ۔

ماحولیاتی تحفظ کی عالمی کوششوں میں مینگرو کی جھاڑیاں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ہندوستان نے انڈونیشیاء کے زیر صدارت جی-20 کے تحت انڈونیشیاء اور متحدہ عرب امارات کے ایک مشترکہ اقدام ’آب و ہوا کی تبدیلی کے لئے مینگرو اتحاد ‘میں شمولیت اختیار کی ہے۔

ہندوستان کے پانچ ہزار مربع کلو میٹر سے زیادہ کے علاقے میں مینگرو کی 50 سےزیادہ قسمیں پائی جاتی ہیں ۔ہندوستان میں مینگرو جھاڑیوں کے تحفظ اور ان کی بحالی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے جو حیاتی تنوع سے مالامال ہیں اور کاربن کو جذب کرنے والے موثر وسیلے کا کردار ادا کرتے ہیں۔

بالی

16 2022 نومبر

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.